| | | |
|---|---|---|
| عمرے کہ شمردہ ایم سال و ماہش<br>سرگرم سراغ کیست یارب دوران | درد | مانند فلک قرار نبود گاہش<br>یک خلق چو سایہ میرود ہمراہش |
| اس عمر کے مین نے جو گنے سال و ماہ<br>دوران ہے آلہی کس کا سرگرم سراغ | باقی | مانند فلک قرار اوس کا نہیں گاہ<br>اک خلق ہے مثل سایہ اوسکے ہمراہ |
| میناست اگر سیر نیاز ست اینجا<br>این محفل درد جائے بدمستی نیست | درد | جام است دگر دیدۂ باز ست اینجا<br>ہشدار کہ بزم امتیاز است اینجا |
| مینا ہے اگر سیر نیاز اس جا ہے<br>بدمست نہونا کبھی باقی رکھہ ہوش | باقی | اور جام ہے گر دیدۂ باز اس جا ہے<br>یہ محفل خاص امتیاز اسجا ہے |
| طفلی بگذشت و شد جوانی حاصل<br>ہرچند جو تار سبحہ بر جائے خودی | درد | پیری ہم رسید نباشی غافل<br>چون دانہ کند قطع رہ اینجا منزل |
| طفلی گذری ہوئی جوانی حاصل<br>گو جا پہ ہے اپنی مثل تار تسبیح | باقی | آتا ہے بڑہاپا نہو اوس سے غافل<br>دانیکی طرح ہے قطع رہ پر منزل |
| گر درد ترا غفلت دل کردہ خراب<br>اے بیخبر این ہمہ غنودن تا کے | درد | گر آہ گہت فگندہ اندر تپ و تاب<br>بیدار تمام باش یا خوب بخواب |

| | | |
|---|---|---|
| باقی غفلت مین دل نے جو رکھا خوب<br>اے بیخبر اونگھتا ہے ایسا کب تک | باقی | اس علم نے پیچ و تاب مین ڈالا خوب<br>یا جاگ تمام رات یا سو جا خوب |
| تا کے مغرور بادشاہی بودن<br>امروز بہ ہر چہ میتوانی می ناز | درد | ہنگامہ گرم جہان پناہی بودن<br>فردا نگو بیاد کس نخواہی بودن |
| کب تک یہ غرور بادشاہی کا ہے<br>بس آج تو ناز کر لے جتنا چاہے | باقی | اور فخر جہانداری کہان تک کیا ہے<br>کل یاد مین تو کسی کے کب رہتا ہے |
| شاہا چو گدا با دل غمناک نشین<br>زان پیش کہ با خاک برابر گردی | درد | بے باک چنین نہ زیر افلاک نشین<br>از تخت فرود آ و بر خاک نشین |
| اے شاہ گدا کی طرز پر خاک پہ بیٹھ<br>تو خاک مین ملجائیگے پہلے پہلے | باقی | اس بادشہی سے درگذر خاک پہ بیٹھ<br>تخت شاہی سے بس اتر خاک پہ بیٹھ |
| نیرنگی تشبیہ ضرورت افتاد<br>آن دل کہ چو آئینہ صفا آئین بود | درد | در عالم تنزیہ کدورت افتاد<br>اکنون بہ گرفتاری صورت افتاد |
| نیرنگی تشبیہ کی ضرورت آئی<br>وہ دل جو صفا مین مثل آئینہ تھا | باقی | تنزیہ کے عالم مین کدورت آئی<br>اب اوسکو گرفتاری صورت آئی |

| | | |
|---|---|---|
| موجود چو در عالم اظہار شدیم<br>اے درد ز نیرنگی خود فہمیدیم | درد | آگہ ز ہمہ نہفتہ اسرار شدیم<br>وقتیکہ بصد رنگ نمودار شدیم |
| موجود جہاں میں ہوئے اظہار ہوئے<br>اپنی نیرنگی سمجھے اب ہم باقی | باقی | نظروں سے چھپے سب کے تو اسرار ہوئے<br>سو رنگ سے جو وقت نمودار ہوئے |
| از محفل ہستی ست برون آمدن<br>ہر چند ہمہ بعیش و عشرت گذرد | درد | شادی و طرب ہست بہ غم افزودن<br>کم نیست مصیبت اینکہ باید بودن |
| اس محفل ہستی میں فراغت کیا ہے<br>ہر چند گذرتی ہے خوشی سے لیکن | باقی | شادی و طرب ہمیشہ رنج افزا ہی<br>کیا کم ہے مصیبت کہ یہاں رہنا ہی |
| گر زندہ ام آلودہ بہ افکار تنم<br>یارب تو بگو بذات پاکت سوگند | درد | ور مردہ ہمان بہشت دوزخ وطنم<br>گردوش چگونہ بار ہستی فکنم |
| تا زیست تو میں فکر آسائی میں ہوں<br>یارب تو کہہ تجھے ہی تیری سوگند | باقی | مر جاؤں تو دوزخ اور جنت میں ہوں<br>کیونکر کندھے سے بار ہستی پھینکوں |
| کردیم گنہ و مورد قہر شدیم<br>ہر چند زمانہ کرد عصیان ہمہ محو | درد | افسوس کہ تلخ کام ازین زہر شدیم<br>شرمندہ زبے نسبت دہر شدیم |

| | | |
|---|---|---|
| ڈرتے ہیں کہاں گناہ کے قہر سے ہم<br>ہرچند زمانہ محو کرتا ہے گناہ | باقی | ہوتے ہیں تلخ کام اس زہر سے ہم<br>شرمندہ مگر رہتے ہیں اس مہر سے ہم |
| عالی دونی بر تو نظر دوختہ است<br>از فیض تو آب و رنگ بروی زمین | درد | در حسن تو ناز ہر کس آموختہ است<br>در نور تو بزم انجم افروختہ است |
| اعلیٰ ادنیٰ کا ایک تو ہے مامن<br>آب و رنگ رخ زمین ہے تجھ سے | باقی | اور حسن سے تیری ہے یہ سب نازِ زمن<br>ہے نور سے تیرے بزم انجم روشن |
| اے درد ہر آنچہ در وجود است اینجا<br>گردون پشتی کہ خم شد از بہر رکوع | درد | تبعیت حکم او نمود است اینجا<br>خورشید سری کہ در سجود است اینجا |
| باقی ہیں جو اس جہان آثار وجود<br>یہ چرخ ہے ایک پشت خم بہر رکوع | باقی | تبعیت حکم سے ہوئی اونکی نمود<br>خورشید ہے ایک سر جو کرتا ہے سجود |
| علمے کہ ہمہ صرف جزو کل کردیم<br>اکنون ناچار بہر صید وحشی | درد | جز جہل نبود چون تامل کردیم<br>نادیدہ و دانستہ تغافل کردیم |
| معلوم ہوا علم جزو کل ہم کو<br>ناچار اب ایسے صید وحشی کے لیے | باقی | سب جہل تھا جب ہوا تامل ہم کو<br>ہے دیدہ و دانستہ تغافل ہم کو |

| | | |
|---|---|---|
| اے باعث پیدائی ہر نفس الامر<br>شد حکم تو چون نغمہ نقوش عالم | درد | پرسی ز من گم شدہ گر نفس الامر<br>جز امر تو نیست ہیچ در نفس الامر |
| تجھ سے ہی ہے ظہور ہر نفس الامر<br>نغمہ کی طرح نقوش عالم ہے حکم | باقی | مجھ گم شدہ سے پوچھیے اگر نفس الامر<br>جز امر کے تری نہیں در نفس الامر |
| درد آنکہ بمیدان بلا تاختہ است<br>در عشق تو چون بسمل و پروانہ و گوی | درد | از خویش بُریدہ با تو پرداختہ است<br>جان دادہ و دل سوختہ سر باختہ است |
| باقی رہِ عشق میں قدم مارے ہے<br>بس گیند اور پروانہ و بسمل کی طرح | باقی | تجھ سے جو جدا رہے کہاں یارا ہے<br>جان دادہ ہے دل جلا ہی سر ہارا ہے |
| خلقے ہمہ جستجوئے مال و جاہے<br>ہر کس بخیال آرزوئے دارد | درد | جمعے بتلاش دل برے دلخواہے<br>مائیم و تمنائے دلِ آگاہے |
| مال و دولت کی حرص دنیا کو ہے<br>ہر دل کو رہا کرتا ہے اک چیز کا شوق | باقی | ہر کس کو تلاش دلبر دلجو ہے<br>ہم کو دل آگاہ کی جستجو ہے |
| تا پردہ کشائی عالم کیف و کمیم<br>از ہستی ما فنا پذیرد صورت | درد | پیدا کن جلوہ حدوث و قدیم<br>مانند سراب نقش بند عدیم |

| | | |
|---|---|---|
| کھولا ہے ہم ہی نے پردۂ کیف و کم<br>ہستی سے ہماری ہو گی فانی صورت | باقی | ہے جلوہ نما ہم سے حدوث اور قدم<br>ہے مثل سراب جیسے ہی تصویر عدم |
| ہر لحظہ بطبعم ہوسے میگردد<br>یارب تو مرا بخویش گرویدہ کُنی | درد | در دامن دل خار و خسے میگردد<br>ترسم کہ بمن خلق بسے میگردد |
| ہے دل میں ہوا نجات دنیا کی چاہ<br>یارب تو تجھے راستہ اپنا بتلا | باقی | دامن میں بھری ہی میرے سب گرد گناہ<br>ڈرتا ہوں کہیں ہو نہ خلقت گمراہ |
| در گلشن دہر بسکہ غفلت کارے<br>از روئے خدا نیامدت شرم اے درد | درد | تخم گنہی بہر طرف می کاری<br>باشد کہ ز روی خلق شرمی داری |
| تخم غفلت جہان کے گلشن میں نہ بو<br>اللہ سے گر شرم نہ کی اے باقی | باقی | اور کشت گناہ کا مزارع بھی نہ ہو<br>مخلوق ہی کے سامنے باشرم رہو |
| اے فطرت امکانی خجلت تاثیر<br>گر بندۂ حق شوی وگر بندۂ نفس | درد | شرمت باواز طبع ذلت تقریر<br>در ہر صورت ز بندگی نیست گزیر |
| یہ فطرت امکانی ہے خجلت تاثیر<br>یا بندۂ حق ہو یا کہ ہو بندۂ نفس | باقی | گر شرم تری طبع ہے ذلت تقریر<br>ہر حال میں بندگی سے ہوگا نہ گریز |

| | | |
|---|---|---|
| دیدیم چو کشتِ زار آب و گل خود<br>جیسے بہ درد بکن تماشائی بہار | درد | جز او نگر فتیم ز خود حاصل خود<br>اے دانہ توئی عقدہ صد مشکل خود |
| ہم دیکھے ہیں کھیت اپنی آب و گل کا<br>دل کا پردہ اٹھا کے بس دیکھ بہار | باقی | اپنے ہی میں ہے نتیجہ اس حاصل کا<br>اے دانہ تو ہی عقدہ ہے مشکل کا |
| ظاہر ز تو کرد عقل و معقولیت<br>افراد وجود موجد و موجود اند | درد | در پردہ نہفتہ از تو مجہولیت<br>مرات تو علیت و معلولیت |
| ظاہر ہے تجھی سے عقل معقولیت<br>موجد موجود کا وجود اک تیرا | باقی | اور پردہ میں ہے تجھی سے مجہولیت<br>آئینہ ہے علیت و معلولیت |
| برخیزد اگر ز دل قیود باطل<br>یعنی کہ وجود حق بروے اظہار | درد | محو از نظرت شود شہود باطل<br>برقع افگندہ از نمود باطل |
| اٹھ جائے اگر دل سے قیود باطل<br>اظہار کے رخ پہ اس وجود حق نے | باقی | اور محو نظر سے ہو شہود باطل<br>برقعہ ڈالا ہے بس نمود باطل |
| گر نالۂ دل مرا صدای چنگست<br>از نغمۂ شکر و شکوہ ام نیست گریز | درد | گاہے دلم از نوای نے در تنگست<br>تا تار نفس ہست ہمین آہنگست |

| | | |
|---|---|---|
| نالان ہے دل مرا کبھی مثل چنگ<br>یا زمزمہ شکوہ ہے یا نغمہ شکر | باقی | رہتا ہی کبھی نوائے سے دل تنگ<br>جبتک ہی نفس کا تار ہے آہنگ |
| ربط جو بہ گدا و شاہ ہے وارد<br>یعنی کہ بسان دانہ ہائے تسبیح | درد | گر حال خوشی و گر بلا ہے وارد<br>ہر دل در خود و خود بدر ہے وارد |
| [illegible] احباب یا گدا ہیں یا شاہ<br>مانند دانہ ہائے تسبیح جدا | باقی | حالت خوشی [illegible] یا کہ تباہ<br>ہر دل میں ہی ایک عقل تدبیر کی راہ |
| این کون و مکان جملہ آیات حق است<br>اثبات خدا ہیچ کسی نفی تو نیست | درد | مظہر ہست اظہار ظہور ذات حق است<br>نفی کہ شان بجز و اثبات حق است |
| یہ کون و مکان جملہ ہیں آیات حق<br>اثبات خدا کیا تو ہے تیری نفی | باقی | مظہر ہیں یہ سب مظہر ذات حق<br>جب نفی ہستی کی اپنی ہی یہی اثبات حق |
| در بزم جہان کہ وہم نسبت آئین<br>چون آئینہ ہر کہ نشست آید ای درد | درد | از آمد و رفت خلق فارغ بنشین<br>اورا تو با و تما و خود ہیچ مبین |
| یہ بزم جہان ہے وہم نسبت کی سرا<br>آئینہ صفت جو آئے تیرے آوے | باقی | اس آمد و رفت خلق سے تجھکو کیا<br>تو کچھ بھی نہ دیکھ اسکا منہ اسکو دکھا |

| | | |
|---|---|---|
| در خارج نیست غیر حق جلوه گری<br>ہر شخص کہ پیش نظر آید چون عکس | درد | اینجا نہ بود زما سوا نقش اثری<br>می بینمش اما بجہان دگری |
| خارج نہیں غیر حق کبھی دنیا میں<br>جو شخص کہ آتا ہے نظر عکس مثال | باقی | باقی نہیں ما سوا کوئی دنیا میں<br>میں دیکھتا ہوں اسکو نئی دنیا میں |
| از شادی و غم ہر چہ در امکان ثمری<br>در باغ ظہور چون گلست آوردند | درد | از وا ہمہ حضرت انسان شمری<br>خواہی دل ریش خواہ خندان شمری |
| ہے شادی و غم جو کچھ زمانہ میں عیان<br>اس باغ ظہور میں ہے تو گل کی شکل | باقی | ہے وا ہمہ حضرت انسان پہچان<br>یا اوسکو دل ریش سمجھہ یا خندان |
| بے لشکر و فوج پادشاہی کردیم<br>اے درد بدولت فقیری اینجا | درد | بر مسند فقر کبریائی کردیم<br>در کسوت بندگی خدائی کردیم |
| بے لشکر و فوج پادشاہی ہے ہمیں<br>بے شبہ بدولت فقیری باقی | باقی | مفلوکی میں ناز کبریائی ہے ہمیں<br>در پردہ بندگی خدائی ہے ہمیں |
| انوار عقول شعلہ مشعل اوست<br>از بسکہ وجود ست بہر شے اقرب | درد | ہر آئینہ جسم ہمان صیقل اوست<br>ہر چیز کہ ہست فنا دراول اوست |

| | | |
|---|---|---|
| ہے آئینہ جسم اوسی سے مصقول<br>سب صاف ورا دل سے اوسی سے اجہل | باقی | منقل سا ہے اوسکے شعلۂ انوار عقول<br>از بسکہ بڑا ایک شئے سو وجود اقرب ہے |
| از دولت او درد باین عربدہ ایم<br>از راہ نمایش بخود آمدہ ایم | درد | گر کشتۂ عیشیم وگر غم زدہ ایم<br>زین بیش ندانستیم کاری با خویش |
| باقی نے بدولت اسکے سب پایا ہے<br>اس راہ نملنے آپ مین لایا ہے | باقی | شادی کبہی دل مین غم کبہی چہایا ہے<br>بہولا تہا راہ آپ مین وہ کب تہا |
| چون غنچۂ گل بسر گریبان خودیم<br>آئینہ صفت ہمیشہ حیران خودیم | درد | عمریست کہ چون زلف پریشان خودیم<br>تا جلوہ یار جلوہ گر شد در ما |
| ہین غنچۂ روش سر بگریبان اپنے<br>آئینہ صفت ہین آپ حیران اپنے | باقی | ہم زلف کی صورت ہین پریشان اپنے<br>جب سے کہ ہوا ہے ہم مین وہ جلوہ نما |
| چون زیر و بم ساز ہم آواز ہم ست<br>ہستی و عدم زمزمہ پرداز ہم ست | درد | ہر پست و بلند واقف راز ہم ست<br>این نغمہ ظہور از تقابل دارد |
| اور زیر و بم ساز ہم آواز ہین آپ<br>ہستی و عدم زمزمہ پرداز ہین آپ | باقی | ہر پست و بلند واقف راز ہین آپ<br>یہ نغمہ ہم ظہور ضدین سے ہے |

| | | |
|---|---|---|
| اے دردِ مراز نغمہ ہایم دریاب<br>اے زمزمہ پرداز بساز قانون | درد | آہنگ من از صوت و صدایم دریاب<br>تفصیل مقام از نوایم دریاب |
| غم کو مرے نغمہ لکا سے سمجھو<br>اے زمزمہ سنج تم ہو گر قانون دان | باقی | آہنگ مرا صوت و صدا سے سمجھو<br>بس میرے مقام کو نوا سے سمجھو |
| اے آنکہ وجود تست ہر جا موجود<br>شد مادہ است علت ایجاد صدور | درد | واصل ز تو نشناختہ کس را موجود<br>در صورت نیست جز ہیولا موجود |
| یارب ہے وجود تیرا ہر جا موجود<br>ہے مادہ تیرا علت ایجاد صدور | باقی | واصل نے کسی کو نہیں سمجھا موجود<br>صورت میں نہیں ہے جز ہیولا موجود |
| ہر چند کہ صافیم کدورت اثریم<br>یعنی کہ بغفلت کدہ خلق ای درد | درد | محویم ولے ہمان پریشان نظریم<br>چون آئینہ چشم باز و ما بے خبریم |
| ہر چند کہ صاف ہوں کدورت ہے مگر<br>خلقت کدہ دہر میں آئینہ کی شکل | باقی | ہوں محو ولے میری پریشان ہے نظر<br>گو آنکھ کھلی ہے کچھ نہیں ہم کو خبر |
| گر رنگ طرب بخاطر آمیختہ است<br>حیرت زدہ طلسم ہستی شدہ ایم | درد | گر گرد ملال بر سر بیختہ است<br>کاین بحر چہ موجہا برانگیختہ است |

| | | |
|---|---|---|
| دل میں کبھی رنگ طرب آمیختہ ہے<br>حیرت زدہ طلسم ہستی ہیں ہم | باقی | گہ گرد ملال سر بسر بیختہ ہے<br>اس بحر میں کیا موج برانگیختہ ہے |
| اے کردہ خراب فکر چون و چندت<br>ہموارہ بہمواری خود کوشش کن | درد | آوردہ ہوا و حرص اندر بندت<br>غیر از تو کسے نیست کہ گوییم بندت |
| کرتے ہیں خراب چون او چند تجھے<br>ہموار اپنے کو آپ کرے باقی | باقی | کس حرص نے کر رکھا ہے پابند تجھے<br>ہے تیرے سوا کون کردی پند تجھے |
| از راحت چند روزہ خوشدل نشوی<br>گر غافلی از شہود ہستی خدا | درد | وز خنجر رنج درد بسمل نشوی<br>اے تشنۂ عدم ز مرگ غافل نشوی |
| اس راحت عارضی سے خوشدل تو نہو<br>غافل ہے شہود ہستی حق سے اگر | باقی | اور خنجر رنج و غم سے بسمل تو نہو<br>اے تشنۂ عدم اجل سے غافل تو نہو |
| باید کہ ز فکر زندگانی گزری<br>اے درد ز اندیشۂ عالم بہ گزر | درد | وز حرص و ہوائے کامرانی گزری<br>زان پیش کہ زین جہان فانی گزری |
| باقی افکار زندگانی سے گذر<br>پہلے ہی تو درگذر وہ اندیشہ کو | باقی | اور حرص و ہوائے کامرانی سے گزر<br>کرتا ہے جو اس جہان فانی سے گزر |

| | | |
|---|---|---|
| اے شیخ بہ خلق از کرامات مگو<br>منظور اگر بیہودہ گوئی باشد | درد | اخبار پریشان بہ مباہات مگو<br>دیگر چہ کم است این خرافات مگو |
| اے شیخ نکر ہم سے کرامات کی بات<br>منظور اگر بیہودہ گوئی ہے تجھے | باقی | اخبار پریشان و خیالات کی بات<br>باتین ہین بہت نکر خرافات کی بات |
| اے درد گہے بہ آبیاری وضو<br>اکنون بہ درمیکدہ باید رفتن | درد | دل سوی شگفتگی نمی آرد رو<br>کاین عقدہ کشاید مگر از دست سبو |
| دیکھا کیے ہم بھی آبیاری وضو<br>اب ہمکو ہے میکدہ مین جانا لازم | باقی | جس سے ہوئی شگفتگی کچھ دل کو<br>شاید کہ یہ عقدہ حل کرے دست سبو |
| اے کردہ تمام عمر در بحث خراب<br>زین بیش زاہل ذوق ابرام مکن | درد | یک نکتہ خاموشی ست صد گونہ کتاب<br>دیگر چہ سوالست کہ دادیم جواب |
| کرتا ہے عبث بحث مین کیون عمر خراب<br>اب اس سے زیادہ نہ تو کر بس تکرار | باقی | اک نکتہ خاموشی مین ہے لاکھ کتاب<br>پھر کیا ہے سوال دیجیے ہم تو جواب |
| گہ خال او اگاہ خط میگویند<br>این طرفہ کہ آنچہ می نماید بیان | درد | یاران از حسن ہر نمط میگویند<br>ہم راستیست وہم غلط می گویند |

| | | |
|---|---|---|
| ہم اسکو کبھی خال کبھی خط کہتے ہین<br>طرفہ یہ ہے جو کچھ کہ کرتے ہین بیان | باقی | اوس حسن سے دوست ہر نمط کہتے ہین<br>کچھ سچ کہتے ہین کچھ غلط کہتے ہین |
| اے کردہ خراب عمر در چون و چرا<br>از ما بجز اقبال نہ بینی گاہے | درد | عارف نشدی اگرچہ گشتی ملا<br>ہر چند کہ ایراد نمائی بر ما |
| اس چون و چرا مین صرف سب وقت گیا<br>ہم سے بجز اقبال کے امید نہ رکھ | باقی | عارف نہوا پڑھ کے ہوا گو ملا<br>ایراد کیا ہے اور یہی کرتا جا |
| زین پیش بدل ز دلبران بود خلل<br>از حسن پرستی نگذشتیم آخر | درد | خون کرد جگر درد کنون فکر اجل<br>حالا شدہ منظور نظر حسن عمل |
| پہلے تھا دلبری دلبر کا خلل<br>ہم حسن پرستی کو نہ چھوڑین گے کبھی | باقی | اے خون جگر کو کرتی ہے فکر اجل<br>منظور نظر ہوا ہے اب حسن عمل |
| در بزم خیال ما کہ رشک چمن ست<br>ما آئینہ دار گلشن تنزیہیم | درد | اے درد گل حسن دگر خندہ زن ست<br>بے رنگ بہار ما چو رنگ سخن است |
| ہے بزم خیال اپنا رشک گلشن<br>تنزیہ کے باغ کے ہین ہم آئینہ دار | باقی | باقی گل آرزو ہے پر خندہ زن<br>بے رنگ بہار ہین اپنی ہم رنگ سخن |

| | | |
|---|---|---|
| پیدا ئیست آن زمان کہ ناپیدا بود<br>رنگِ اظہار متبدل ساختہ است | درد | قدرِ تو بلند و منزلت اعلیٰ بود<br>طاؤس بہ بیضہ ہم ہمہ عنقا بود |
| جب باغ جہان میں تو نہیں آیا تھا<br>رنگ اظہار متبدل ہے ورنہ | باقی | تھے قدر بلند مرتبہ اعلیٰ تھا<br>طاؤس انڈے میں ہمہ عنقا تھا |
| وحدت شدہ سامان بہار چمنم<br>در گلشن دہر درد چون خوشہ تاک | درد | بیرون ز خودم نہ بزم و سیر نظم<br>خود شیشہ و خود بادہ و خود انجمنم |
| وحدت میرا سامان بہار دل ہے<br>اس باغ جہان میں خوشہ تاک کی طرح | باقی | بیخود ہون کہان جسب طلب حائل ہے<br>خود شیشہ ہے خود بادہ ہی خود محفل ہے |
| یک عمر گدائی ز گردون کردیم<br>اکنون کہ نمودہ ایم چشمے پیدا | درد | وز کوری دل نظر بہ ہر دون کردیم<br>مانند حباب کاسہ واژون کردیم |
| اک عمر گدائی ہم نے گردون سے کی<br>کاسہ کو کیا ہم نے نگون مثل حباب | باقی | اور کوری سے امید ہر اک دون سے کی<br>اب آنکھ ہوئی پیدا تھی تدبیر یہی |
| سلطان کہ بر اسباب ہوس می نازد<br>درویش کہ بے نوا و بے پروا ہست | درد | بر بال و پر خود چو مگس می نازد<br>بر خاطر بے نیاز بس می نازد |

| | | |
|---|---|---|
| ہے باعث نازِ شاہ اسباب ہوس<br>درویش کہ بے نیاز و بے پروا ہے | باقی | جیسے کہ پر و بال سے اڑتی ہے مگس<br>نازان ہے وہ اپنی بے نیازی پر بس |
| نے مار گزید و زد نہ عقرب نیشم<br>فرق من و تو باعث این تفرقہ ہاست | درد | ہوشمست کہ کرد این ہمہ دل ریشم<br>قربان تمیز بے تمیز خویشم |
| بچھو نے نہ سانپ نے کبھی مجھکو ڈسا<br>فرق من و تو نے تفرقہ ڈالا ہے | باقی | بس ہوش نے ہائے مجھکو دلریش کیا<br>ہون اپنے تمیز بے تمیزی پہ فدا |
| گاہے سخنے از دہنش می گفتم<br>افسوس ز علم ناشناسا یک عمر | درد | گر از دہن خود سخنش می گفتم<br>او بود کہ در دہن منش می گفتم |
| کرتا تھا کبھی سخن دہن سے اسکے<br>بس بات نہ پوچھ ناشناسائی کی | باقی | رکھتا تھا کبھی دہن سخن سنج مجھے<br>کہتا تھا میں آپ پہ درد دل سب اس سے |
| در رنج و بلا قدم بہ ماتم نزنی<br>روشن ز تو بزم بندگی چون شمعست | درد | آئین رضا و صبر برہم نہ زنی<br>ہر چند کہ سوزند ترا دم نہ زنی |
| رنج اور مصائب سے نہ غم کر زنہار<br>یہ محفل بندگی ہے یان شمع صفت | باقی | آئین رضا نہ چھوڑ اے صبر شعار<br>ہر چند جلائیں تو مگر دم ہی نہ مار |

| | | |
|---|---|---|
| تا چند ز فوت مدعا رنجیدن<br>تا چشم کشادہ است چون آئینہ ات | درد | در دکان ہوس ز جہل برخود چیدن<br>در پیش آید ہر آنچہ باید دیدن |
| ہرگز نہو فوت مدعا سے رنجور<br>جب تک کہ کھلی ہے آنکھ آئینہ کی شکل | باقی | دکان ہوس کی بند کر اے معذور<br>آ جائے جو آگے دیکھ آنکھون سے ضرور |
| اے مرد طرب باش خوش و آسودہ<br>چندان منما غور درا فلاک و نجوم | درد | رنجے مبر از فکر جہان بیہودہ<br>کین گنبد بے در ز کسی نکشودہ |
| اے مرد طرب خوش رہو آسودہ رہو<br>افلاک و نجوم پر نکر غور عبث | باقی | بیہودہ جہان کی فکر سے خستہ نہو<br>کس نے کھولا ہے گنبد بے در کو |
| اے درد چرا بہ کنج باغش جوئی<br>من در رہ افتادہ چون نقش قدم | درد | وز بحر چہ درمیان راغش جوئی<br>از من جوئی اگر سراغش جوئی |
| کس واسطے اوسکا باغ مین جویان ہے<br>اوسی راہ مین ہون نقش قدم جیسے پڑے | باقی | کس واسطے اوسکا راغ مین جویان ہے<br>تو جس کا جہان مین آپ سراغ جویان ہے |
| اے درد ترا نہ ہمنشینے باید<br>اکنون کہ نشستہ درین کلبہ ترا | درد | نے یار و ندیم و نے قرینے باید<br>چشم و دل و اشک آستینے باید |

| | | |
|---|---|---|
| باقی تجھکو نہ ہم نشین سے ہے کام<br>اس کلبہ مین تنہائی تو بس اب تجھکو | باقی | کچھ دور سے مطلب نہ قرین سے ہے کام<br>چشم و دل اشک آستین سے ہے کام |
| یک لحظہ اگر دہر بہ عشرت دارد<br>بر صحبت رنگین کسان دل ننہیم | درد | چون لالہ مدام داغ دہشت دارد<br>تنہائی ما عجب فراغت دارد |
| گو مجھکو صبا باغ مین رکھتی ہے<br>اس صحبت رنگین سے مین باز آیا ہون | باقی | لالہ سا عیش داغ مین رکھتی ہے<br>تنہائی مجھے فراغ مین رکھتی ہے |
| بار ہستی کہ دوش ما قسمت شکست<br>اکنون چہ ضرور ماندنت مثل نگین | درد | جز تہمت نام بر تو ای درد نہ بست<br>برخیز تو از میان کہ نقش تو نشست |
| بار ہستی ہے ہو سکے دوش کہین<br>باقی اب کیا ضرور رہنا تجھکو | باقی | جز تہمت نام اور حاصل ہی نہین<br>بیٹھا ہے نقش اٹھ تو مانند نگین |
| اے مرد رشید اگر ز خلق آزار<br>گز بر سر تو نہند پا مردم دہر | درد | رنجے مبر از ذلت و خواری زنہار<br>تو ذرہ انکسار سر بر پا دار |
| مخلوق سے ہو تجھے آزار اگر<br>گر سر پہ ترے پاون رکھین مردم دہر | باقی | اس ذلت و خواری کا کبھی رنج نکر<br>رکھہ عجز سے آنکے پاون پر اپنا سر |

| | | |
|---|---|---|
| ای درد ز مردمان اہل عرفان<br>مارا مطلب بجز میان تصنیف | درد | از وضع کلام میتوان یافت نشان<br>مانند معانی بکتابیم نہان |
| باقی جو ہے خواستگار اہل عرفان<br>ہمکو گر ڈھونڈھتا ہے تصنیف میں ڈھونڈھ | باقی | ملتا ہے کلام ہی سے بس اسکا نشان<br>معنی کی طرح کتاب میں ہیں پنہان |
| ہر چند ہمہ پا و سر و اعضائیم<br>ای درد زمانیکہ سخن میگوئیم | درد | لیکن آنیم کہ جملہ ناپیدائیم<br>چون نغمہ ز ساز خود برون می آئیم |
| ہر چند کہ ہم پاؤں سر اور اعضا ہیں<br>ہنگام سخن ساز سے اپنے باہر | باقی | لیکن ہیں وہ ہم کہ جملہ ناپیدا ہیں<br>آتے ہیں بشکل مثال اک نغمہ ہیں |
| تا کے بہ تلاش مال خواہی کوشید<br>پوشیدن جامہ ہا مکرر شدہ است | درد | با ہر بد و نیک و ہر خواہی جوشید<br>اکنون از خویش چشم باید پوشید |
| کب تک بہ تلاش دولت سیم و زر<br>سو بار قبا عبا سی تن ڈھانکا ہے | باقی | کب تک یہ بد و نیک کی صحبت کا اثر<br>اب اپنے سے آنکھ بند کرنا بہتر |
| چون آمدۂ بعالم امکان باش<br>اینجا ای درد خود صلای عامیست | درد | و بدی کن بوضع جا خندان باش<br>یک چند درین خانہ تو مہمان باش |

| | | |
|---|---|---|
| اس عالم امکان میں تا امکان رہ<br>ہے یاں جو صلائے عام سن اے باقی | باقی | اس غنچہ جہان کو دیکھہ اور خنداں رہ<br>تو بھی اس گھر میں کوئی دم مہمان رہ |
| آنرا که درین باغ دلش باخبر است<br>خود فعل جزا ے خود شود روز جزا | درد | یاداش عمل همیشه مد نظر است<br>چون تخم بدست شاخ آید ثمر است |
| اس باغ میں انجام کی ہی جس کو خبر<br>فعل اپنی جزا کا آپ ہی روز جزا | باقی | یاداش عمل کی فکر ہے مد نظر<br>ہاتھہ آئے جو تخم شاخ سے ہو وہ ثمر |
| آن دم که کشاید در بخشش غفار<br>از راه معیتے که دارد با ما | درد | آید همه اسرار نهان در اظهار<br>ما را ز جمال اوست چشم دیدار |
| جب کھولیگا دروازہ بخشش غفار<br>ہم سے جو وہ رکھتا ہے معیت کی راہ | باقی | ہوجائیگا اسرار نہاں کا اظہار<br>ہے اس کے جمال ہی سے چشم دیدار |
| اے حاصل تو ز زندگانی مردن<br>اے غرہ و ہم خود پرستی مردے | درد | تا چند پے حیات فانی مردن<br>پیش از مردن اگر توانی مردن |
| حاصل تری زندگی کا آخر مرنا<br>اے باقی خود پرست مردی ہے یہی | باقی | کب تک ہو حیات بیوفا پر مرنا<br>پہلے مرنے سے ہو سکے گر مرنا |

| | | |
|---|---|---|
| خون جگرت ہنوز خوردن باقیست<br>از کشمکش ہستی آخت بنیاد | درد | یعنی نفس چند شمردن باقیست<br>معلوم نجات تا کہ مردن باقیست |
| ہے خون جگر ابھی تو پینا باقی<br>اس کشمکش ہست سے کیا ہوگی نجات | باقی | ہے جام حیات اب بھی پینا باقی<br>مرتے ہیں کہاں ابھی ہے جینا باقی |
| نے شاہی ورو نے گدائی داریم<br>نے نشۂ نارسا و نے نالہ رسا | درد | نے ساز غنا نہ بے نوائی داریم<br>فریاد ز دست نارسائی داریم |
| شاہی ہے ہمیں نہ کچھ گدائی ہے ہمیں<br>ہے نشۂ نارسا نہ ہے نالہ رسا | باقی | ہے ساز غنا نہ بے نوائی ہے ہمیں<br>باقی فریاد نارسائی ہے ہمیں |
| دردے کہ زمانہ گہ بدردش نرسد<br>دریاب کہ گر میسر آید دل را | درد | آسیب ز دست گرم و سردش نرسد<br>جائیکہ رسید کی بہ گردش نرسد |
| اس درد کے درد کو نہ پہونچا کوئی<br>پہونچاتی ہے پاس اسکے دلکو مسیحا | باقی | اُس کے دم سرد کو نہ پہونچا کوئی<br>اوس جا کے گرد کو نہ پہونچا کوئی |
| نے مال مرا باید و نے فوج سپاہ<br>ترک اسباب بہ زجمع اسباب | درد | از قطع تعلقم بود حشمت و جاہ<br>کز دولت فقر ہر گدا گردد شاہ |

| | | |
|---|---|---|
| دولت مجھے چاہیئے نہ کچھ فوج و سپاہ<br>بہتر اسباب سے ہی ترک اسباب | باقی | ہے قطع تعلق ہی مری حشمت و جاہ<br>اس دولت فقر سے گدا ہوتے ہین شاہ |
| گر مردم محتاج ز غم می گریند<br>وقتست کہ از دست زمانہ اکنون | درد | زان پیشتر ارباب نعم می گریند<br>چون ابر ہمہ اہل کرم می گریند |
| محتاج ہی کیا دکھا کے غم روتے ہین<br>ہاتھون سے زمانہ کے جہانگیر بھی | باقی | سب روتے ہین یان نہ ایک ہم روتے ہین<br>مانند سحاب اہل کرم روتے ہین |
| در سر نہ ہوای مال و جاہے دارم<br>صاحب نظر توجہی گر بکند | درد | در دل نہ غم زر و سیاہے دارم<br>چون آئینہ چشم یک نگاہے دارم |
| ہرگز مین نہین عطا رشہ کا محتاج<br>صاحب نظر اک دم توجہ جو کرے | باقی | دل میرا نہین فوج و سپہ کا محتاج<br>آئینہ صفت ہون اک نگہ کا محتاج |
| اے بیخبر اتفاق می باید کرد<br>از وہم خودی نفاق خیزد غافل | درد | باہم دگر اتفاق می باید کرد<br>از خود گزر اتفاق می باید کرد |
| اے بیخبر اتفاق کرنا ہے ضرور<br>اس وہم خودی سے ہے نفاق اے غافل | | باہم دگر اتفاق کرنا ہے ضرور<br>خود سے گزر اتفاق کرنا ہے ضرور |

| | | |
|---|---|---|
| اے کردہ تلف عمر گرانمایۂ خویش<br>از عالم غیب آنچہ خواہی درتست | درد | در صحبت ہر فقیر و مرد درویش<br>اے مخزن اسرار الٰہی اندیش |
| کرتا ہے تلف عمر کو کیون اپنی ہر آن<br>جو عالم غیب مین ہی ہے سب تجھ مین | باقی | صحبت مین فقیرونکے عبث اے نادان<br>اے مخزن اسرار الٰہی پہچان |
| صد حیف کہ جملہ دوستداران رفتند<br>اکنون من واماندہ چہ سازم چہ کنم | درد | زین دشت تمام شہسواران رفتند<br>اے درد کجا این ہمہ یاران رفتند |
| صد حیف تمام یار و دلدار گئے<br>واماندہ رہا ہے ایک باقی ناچار | باقی | جن جن سے کہ اپنے دلکو تہا پیار گئے<br>یارو یہ کہو کہان یہ سب یار گئے |
| برہم چون گل ز دست اوراق خودیم<br>از ماست ہر آنچہ درد بر ماست ہمہ | درد | آتش زدۂ شرار حقاق خودیم<br>اے وائے کہ باین ہمہ مشتاق خودیم |
| ابتر مین برنگ گل سب اوراق اپنے<br>ہم ہی سے ہے سب درد جو ہے ہم پر | باقی | ہم اپنے شرارون مین حقاق اپنے<br>اے وائے کہ پہر آپ ہین مشتاق اپنے |
| چندے کہ معاش کامرانی کردیم<br>اے درد کجا ز دست دشمن آید | درد | غافل ز معاد زندگانی کردیم<br>ما آنچہ بخود ز مہربانی کردیم |

| | | |
|---|---|---|
| کی خوب معاش کامرانی ہم نے<br>دشمن بھی کبھی نکر سکیگا باقی | باقی | بے فکر معاد زندگانی ہم نے<br>اپنے پہ جو کی ہے مہربانی ہم نے |
| ہر جا زنے و چنگ صدای شنویم<br>گر چشم کشائیم تو مد نظری | درد | آہنگ ترا نام خدا می شنویم<br>در گوش نہیم ہم ترا می شنویم |
| ہر سمت سے جو صوت صدا سنتا ہون<br>جو دیکھتا ہون مد نظر ہے تو ہی | باقی | آہنگ ترا نام خدا سنتا ہون<br>جو سنتا ہون بس نام ترا سنتا ہون |
| برخاستہ گر ز دل شہود غیرت<br>در خلق خدا بغیر خوش خلقی نیست | درد | سوئے ہمہ کس بعجز باشد سیرت<br>غیرے کہ بود باعث ذکر خیرت |
| اٹھ جائے جو یہ شہود موہوم غیر<br>خلق خوش سے خلق کیا بہتر | باقی | ہر سو ہو تجھے بس عجز و خلق کی سیر<br>یہ غیر ایسا ہے جس سے ہو ذکر خیر |
| حیرت از چشم گفتگو ہا افگند<br>چون برق و شرار نارسائی تلاش | درد | یاس آمد و از دل آرزو ہا افگند<br>آتش در جان گفتگو ہا افگند |
| الجھن حیرت نے گفتگو مین ڈالی<br>افسوس یہ نارسائی برق و شرار | باقی | یاس آئی تو خاک آرزو مین ڈالی<br>آتش دل و جان جستجو مین ڈالی |

| | | |
|---|---|---|
| در خاطر ارشاد اگر منظور است<br>خود را شب و روز صرف یاران سازی | درد | عزلت ای درد ز مسلک دور است<br>اجرائی طریقات اگر منظور است |
| خاطر مین ہے ارشاد جو تیری منظور<br>کر آپ کو صرف جو یاران شب و روز | باقی | عزلت باقی ہے مسلک حق سے دور<br>اجرائی طریقہ تجھکو گر ہے منظور |
| اے درد ندیدہ کہ در دیدہ کور<br>بس ہستی ما کہ از عدم ممتاز است | درد | فرقے نبود میان تاریکی و نور<br>در آئینہ علم بود است ظہور |
| دیکھا نہین ہے آپنے مگر دیدہ کور<br>یہ ہستی ہے اپنی جو عدم سے ممتاز | باقی | اوس کو نہین کچہ ہی فرق تاریکی و نور<br>آئینہ علم مین کیا اس نے ظہور |
| در بحر تو اے حباب گم خواہی شد<br>اندک اے ذرہ سعی دیگر کا خر | درد | در باد تو اے سحاب گم خواہی شد<br>در پرتو آفتاب گم خواہی شد |
| دریا مین بس اے حباب تو گم ہو گا<br>اے ذرہ کوئی دم تو ٹہر پرتو مین | باقی | چلتے ہی ہوا سحاب تو گم ہو گا<br>نکلے گا جب آفتاب تو گم ہو گا |
| پختیم خیال خام پیدا کردیم<br>یعنی اے درد ہمچو عنقا از خلق | درد | آزاد شدیم و دام پیدا کردیم<br>گم گردیدیم و نام پیدا کردیم |